**23/05/2026**

**07.40 / PM**

***....... وزیر اعظم نریندر مودی نے19 ویں روزگار میلے کے دوران مختلف محکموں میں تعینات کئے گئے نوجوانوں میں 51 ہزار سے زائد تقرر نامے کئے تقسیم ۔**

***....... لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کو منشیات کے خلاف ایک طاقت ور تحریک دیا قرار ۔**

***....... پچھلے 43 دنوں کے دوران 797 ایف آئی آر درج ، 894 ڈرگ سمگلر گرفتار// 457 ڈرائیونگ لائسنس رد ، 606 گاڑیوں کی رجسٹریشن منسوخ ۔**

***....... آج تزک و احتشام کے ساتھ منایا جا رہا ہے حضرت میر سید علی ہمدانیؒ کا 661 واں عرس مبارک ۔**

**<u>مودی</u>**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے آج19 ویں روزگار میلے دوران مختلف محکموں میں تعینات کئے گئے نوجوانوں میں 51 ہزار سے زائد تقرر نامے تقسیم کئے ۔ بعد میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ نوجوان وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں اہم رول ادا کریں گے ۔ انہوں نے کہا کہ بھارت ترقی کے ایک نئے سفر پر گامزن ہے اور پوری دنیا بھارت کے اس سفر میں شامل ہونے کی متمنی ہے ۔ انہوں نے اس موقعہ پر اپنے پانچ ملکوں کے غیر ملکی دورے کی حصولیابیوں کا ذکر کیا ۔**

**<u>میلہ جموں</u>**

**اس روزگار میلے کے سلسلے میں کنونشن سینٹر جموں میں بھی ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں ڈویژنل ریلوے منیجر جموں وویک کمار مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے ۔ بورڈ جموں کے چیر مین سنجے تیاگی نے بھی شرکت کی ۔ Recruitment تقریب میں ریلوے اس دوران جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے 229 نوجوانوں میں تقرر نامے تقسیم کئے گئے ۔**

**<u>سنہا</u>**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے کہا ہے کہ 43 روز پہلے جموں سے شروع کئے گئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان اب زمینی سطح پر ایک طاقت ور تحریک میں تبدیل ہو گیا ہے اور یوٹی کی ہر گلی اور ہر کونے سے یہ آواز آرہی ہے کہ جموں کشمیر میں کسی بھی ڈرگ سمگلر کو نہ بخشا جائے ۔ ہمارے شوپیان کے نمائندے جان نثار احمد نے خبر دی ہے کہ آج شوپیان میں منشیات مخالف پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ انتظامیہ کے ساتھ ساتھ عام لوگ بھی جموں کشمیر سے نارکو Terrorism کو**

ختم کرنے کے لئے پُر عزم ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ منشیات ہمارے نوجوان پود کو اندر ہی اندر کھوکھلا کر کے انہیں ترقی کی پٹری سے ہٹا رہا ہے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ ابھیان شروع ہونے سے اب تک 797 ایف آئی آر درج کئے گئے ، 894 ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا گیا ہے ۔ اس کے علاوہ 457 ڈرائیونگ لائسنس رد کر کے 606 گاڑیوں کی رجسٹریشن بھی منسوخ کی گئی ہے ۔

نشہ

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیناور منشیات کے ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

منشیات سے متعلق ایل جی منوج سنہا کا پیغام۔

جمونو کشمیر میں نوجوانوں کو اس بدعت سے دوررکھنے کےلئے لازمی اقدامات کے تعلق سے ایک استاد منجیت سنگھ گِل نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

کشمیر پولیس

پولیس نے منشیات کے خلاف جنگ کو جا ری رکھتے ہوئے سرینگر ضلعے کے مختلف علاقوں میں ڈرگ سمگلروں کی5کروڑ روپے مالیت کی جائیداد کو اٹیچ کر دیا ہے۔

پولیس نے اونتی پورہ اننت ناگ اور سوپور میں4ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کا فی مقدار میں نشیلی ادویات بر آمد کی ہے۔

پولیس نے اُچر ماگام ہندواڑہ کے بلال احمد کھٹانہ نامی ڈرگ سمگلر کی15لاکھ روپے مالیت کی جائیداد کو اٹیچ کر دیا ہے۔

پولیس نے پلوامہ اور اننت ناگ میں غیر قانونی طور کاشت کی جا رہی خشخاش کو تباہ کر دیا ہے۔

رانا

جل شکتی اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں شیڈول ٹرائبس اینڈ Other Traditional Forest Dwellers Act کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ وزیر موصوف نے اس موقعہ پر افسروں کو ہدایت دی کہ وہ اس ایکٹ کے ساتھ ساتھ Forest Rights Act ۔ کے بارے میں قبائلی طبقے میں جامع بیداری پیدا کریں

**NCC**

یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کے وزیر ستیش شرما نے آج بادامی باغ کنٹونمنٹ سرینگر میں جا
سے خطاب کیا، جس ANOsکیڈٹوں کوNCCکے سپیشل نیشنل انٹگریشن کیمپ 2026 میںNCCری
میں ملک کے17این سی سی ڈائریکٹوریٹس سے تعلق رکھنے والے340کیڈٹ شرکت کر رہے
ہیں۔

اس موقعے پر وزیر موصوف نے نوجوانوں میں نظم و ضبط اور حب الوطنی کے جذبے کو
کے رول کو اُجاگر کیا۔NCC فروغ دینے میں

**سکینہ ایتو**

صحت و طبی تعلیم کے وزیر سکینہ ایتو نے آج ستراجن بنگی واڑ کولگام میں پرائمری سکول کا
افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ موجودہ حکومت معیار تعلیم میں بہتری لانے کےلئے ہر
ممکن اقدامات کررہی ہے۔ بعد میں انہوننے بنگی واڑ میں عوامی در بار کا انعقاد کر کے لوگوں
کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

**جا وید ڈار**

زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار نے آج رفیع آباد حلقے میں ژالہ بھاری سے متاثرہ علاقوں کا
دورہ کیا ۔ انہوننے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ میوہ باغات اور فصلوں کو ہوئے نقصان کا تخمینہ
لگائے تاکہ کسانوں کی بر وقت مدد کو یقینی بنایا جائے سکے۔

بعد میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

**ڈلو**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں و کشمیر میں ٹریفک
نظامت میں بہتری لانے اور سڑک حادثات کو کم کرنے کے لئے اختیار کی جا رہی حکمت عملی
اور سفارشات کا جائزہ لیا ۔ چیف سیکریٹری نے افسروں پر زور دیا کہ وہ ٹریفک نظام آسان
بنانے نیز حادثات کو کم کرنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کریں ۔

**بریک**

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن
ہیں۔

**عرس**

**بلند پایہ ولی کامل اور کشمیر میں بانی اسلام حضرت میر سید علی ہمدانی ؒ کا 661 واں عرس مبارک آج نہایت ہی عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں ان کی زیارت گاہ واقع خانقاہ معلی سرینگر میں درود و ازکار اور ختمات المعظمات کی مجالس آراستہ ہوئیں ۔**

**پیش ہے اس تعلق سے ہمارے نمائندے مبشر رفاعی کی یہ خاص رپورٹ۔**

**مبارک**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، پارٹی کے نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نیز کئی دیگر لیڈروں نے بھی اس عرس مبارک پر لوگونکو مبارکباد دی ہے۔**

**ایک مشترکہ بیان میں انہوننے کہا کہ امیر کبیر میر سید علی ہمدانی ؒ کے علمی اور روحانی کمالات سے جموں وکشمیر کا چپہ چپہ اسلام کے نور سے منور ہوا۔**

**جمعیت ہمدانیہ کے سر براہ میر واعظ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے بھی عرس شاہ ہمدان ؒ کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔**

**دریں اثناءڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج زیارت گاہ پر حاضری اور عالم انسانیت کی بقا نیز جموں وکشمیر میں امن ، خوشحالی کےلئے دعا کی۔**

**حقانی**

**حقانی میموریل ٹرسٹ جموں کشمیر کی طرف سے حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی ؒ کے عُرس کے موقعے پر گلہائے عقیدت نچھاور کئے گئے۔**

**ٹرسٹ کے سرپرست اعلیٰ سید حمید اللہ حقانی نے اس موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔**

**تقریب**

**اسلامک ریلیف ٹرسٹ کشمیر اور جموں و کشمیر اردو کونسل کے اہتمام سے سرینگر میں استقبالِ عید الاضحی کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت ڈاکٹر سید شمس الرحمان نے کی جبکہ جی این وار اور مولوی محمد اشرف نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی ۔ اس موقعہ پر ذخیر ۃ الملوک حضرت شاہِ ہمدان کی تصنیف کردہ کتاب کی کشمیری ترجمے کی رسم رونمائی بھی انجام دی گئی ۔ یہ ترجمہ اسلامک ریلیف ٹرسٹ کشمیر کے چیر مین ایڈوکیٹ عبد الرشید ہانجورہ نے مکمل کیا ہے ۔**

**حج**

آج ذوالحجہ کی6تا ریخ ہے ۔ ان دنوں لاکھوں کی تعداد میں حج عازمین سعودی عرب کے شہر مکہ مکرمہ میں حج کی ادائیگی کےلئے جمع ہو رہے ہیں۔

واضح رہے کہ مناسک حج کی ادائیگی کا سلسلہ سوموار25مئی کو شروع ہو رہا ہے۔ اس دن عازمین حج احرام باندے ہوئے پورا دن منہ کے ٹینٹوں میں گذاریں گے۔ 9ذوالحجہ کو نماز فجر کے بعد عازمین وقوف عرفات کےلئے میدانِ عرفات روانہ ہو جائیں گے۔

**ساگر**

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ عید الاضحی کے پیش نظر عام لوگوں کےلئے ہر طرح کی سہولیات دستیاب رکھیں۔ انہوننے خاص طور سے قربانی کے جانور وں کی دستیابی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

**ست شرما**

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج رام بن اور کٹھوعہ میں پنڈٹ دین دیال اُپادیائے پرشِکشن مہا ابھیان کے تحت منعقد کئے گئے تربیتی پروگرام سے خطاب کیا۔

اس موقعے پر پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول اور کئی دیگر لیڈروں نے بھی خطاب کیا۔

**سنیل شرما**

اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل کمار شرما نے الزام لگایا ہے کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ بقول ان کے عام لوگوں کے مسائل کے حل کرنے کے بجائے غیر ملکی دوروں میں مصروف ہیں۔

ایک بیان میں انہوننے کہا کہ اُدھر جمونو کشمیر میں عام لوگ بجلی، پانی اور صحت کے شعبے میں گونا گوں مشکلات سے دو چار ہیں اور اُدھر وزیر اعلیٰ کی جانب کوئی توجہ نہیں دے رہے ہیں۔

**شاہین**

جنتا دل یونائٹیڈ جمونوکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ ٹھیکداروں کی التوا میں پڑی بلوں اور ڈیلویجروں کی ادائیگی کو عید الاضحی سے پہلے یقینی بنایا جانا چاہئے۔ انہوننے کہا کہ یہ طبقہ رقومات کی عدم ادائیگی کی وجہ سے گوناگوں مشکلات سے دو چار ہیں۔

**<u>ریل</u>**

**اور اب ریل سے متعلق یہ خبر**

**جموں اور سرینگر کے درمیان چلنے والی وندے بھارت ایکسپریس ریل گاڑ ی جموں کشمیر کے سیاحتی اور اقتصادی منظر نامے کے لئے کلیدی اہمیت کی ثابت ہو رہی ہے اور لوگوں کو سفر کی بہترین سہولیات دستیاب ہو رہی ہیں۔ ناردرن ریلوے کے جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر اُچِت سنگھل نے کہا ہے کہ پچھلے 22 دنوں کے دوران اس ریل کے ذریعے ایک لاکھ سے زائد مسافروں نے سفر کیا اور جدید سہولیات سے لیس یہ ریل گاڑی مقبولِ عام ہو رہی ہے اور عام لوگ اس سے کافی مطمئن نظر آ رہے ہیں ۔**

**<u>فیسٹول</u>**

**فیسٹول 2026 کا تیسرا شمارہ منعقد کیا جا Literature سرینگر میں 30 اور31 مئی کو کشمیر فسٹیول کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر نائرہ منظور نے Literature رہا ہے ۔ اس حوالے سے کشمیر آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔**

**<u>یاسر</u>**

**راجوری ضلعے سے تعلق رکھنے والا محمد یاسر نامی نوجوان باکسر جس نے ازبیکستان میں انڈر 15 باکسنگ چیمپئین شپ میں سونے کا تمغہ حاصل کیا جموں کشمیر کے سپورٹنگ منظر کے طور پر ابھر کر سامنے آ رہا ہے ۔ جموں کشمیر سپورٹس کونسل کی Icon نامے میں ایک سیکریٹری نزہت گل نے کہا ہے کہ اس نوجوان نے کھیلو انڈیا سینٹر میں تربیت حاصل کی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے لئے مرکز کی طرف سے سال 2021 سے اب تک 1 سو کھیلو انڈیا سینٹر قائم کئے گئے ہیں جن سے نوجوان کھلاڑی مستفید ہو کر قومی اور بین الاقوامی سطح کے کھیل مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں ۔ دریں اثناءباکسر محمد یاسر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔**

**<u>اعجاز بشیر</u>**

**جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے یو ٹی کے کالجوں میں داخلے کے خواہشمند امید واروں سے کہا ہے کہ وہ داخلے کیلئے کالج آپشن کا زیادہ سے زیادہ استعمال کرینتاکہ انہیں کسی نہ کسی کالج میں داخلہ مل سکے۔**

**<u>موسم</u>**

**محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔**

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت23 اعشاریہ9ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت12اعشاریہ7ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 اعشاریہ9ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 24 منٹ اور

غروب آفتاب شام7 بجکر32منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

.........................................

......................

.........